## سوال

(180) باپ کی بیوی کی دوسرے شوہر سے بیٹی کے ساتھ شادی

## جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

میرے والد نے ایک عورت سے شادی کی تھی جس سے ایک بیٹی پیدا ہوئی پھر اسے طلاق دے دی تو اس نے ایک اور مرد سے شادی کر لی اور اس سے اس کے کئی بیٹے اور بیٹیاں پیدا ہوئیں تو کیا ان میں سے کسی لڑکی کے ساتھ میرے لیئے شادی کرنا حلال ہے؟ رہنمائی فرمائیں۔

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اس میں کوئی حرج نہیں بشرطیکہ آپ کے اور اس کے مابین رضاعت اور قرابت کا کوئی ایسا رشتہ نہ ہو جو شادی سے مانع ہو، اس عورت کی بیٹیاں آپ کے باپ کے لئے حرام ہیں کیونکہ وہ اس کی ربیبائیں ہیں، اس لئے کہ ان کی ماں کے ساتھ آپ کے باپ نے مباشرت کی ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

## فتاویٰ اسلامیہ

## کتاب النکاح : جلد 3 صفحہ 155

محدث فتویٰ